# 37840 ـ حيض سے قبل مٹیالے رنگ کا مادہ

### سوال

میں مانع حمل ٹیوب کرتی ہوں اسی لیے ماہواری کے خون سے تین یوم قبل مٹیالے رنگ کا مادہ آتا ہے توکیا اس وجہ سے روزہ فاسد ہوجائے گا اورمجھے اس کی قضاء کرنی ہوگی ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

اگرتو یہ مٹیالے رنگ کا مادہ حیض کی ابتدائي علامات میں سے ہو تویہ حیض ہی ہوگا ، اوراس کی پہچان درد تکلیف اوراینٹھن سے ہوگي جوکہ حائضہ کوعادتا ہوتی ہے ، اور حیض کے بعدآنے والامٹیالے رنگ کا پانی ختم ہونے کا انتظار کرنا چاہیے ، کیونکہ حیض سے متصل مٹیالے رنگ کا پانی حیض ہی ہے کیونکہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کہتی ہیں :

( جلدی نہ کرو حتی کہ تم سفیدی دیکھ لو ) دیکھیں رسالۃ الدماء الطبیعیۃ ( 59 ) ۔

لھذا اس بنا پر اگرآپ کو یہ پتہ چلے کہ یہ مٹیالے رنگ کا مادہ حیض کی علامات میں سے ہے تویہ حیض ہی شمار ہوگا اس بنا پر آپ نماز روزہ ترک کریں گی ، اوربعد میں روزوں کی قضاء بھی کرنا ہوگي ۔

واللہ اعلم .